# ریٹ آف لاسٹ ریزارٹ متعارف

25 ستمبر 2024 میڈیا استفسارات

## البرٹا کی حکومت، البرٹا کے شہریوں کی بجلی کے اختیارات میں بااختیار ہونے اور بجلی کی بلند ہوتی قیمتوں سے البرٹا کے نرخ دہندگان کا تحفظ کرنے میں مدد کر رہی ہے۔

البرٹا میں بجلی کی ایک منفرد مسابقتی مارکیٹ موجود ہے، جو البرٹا کے شہریوں کو اپنی ضروریات کے مطابق توانائی کے بہترین فراہم کنندہ، منصوبے، اور ادائیگی کے طریقے کا انتخاب کرنے کا اختیار دیتی ہے۔ صارفین، 50 سے زائد مسابقتی ریٹیلرز سے اپنی بجلی خرید سکتے ہیں، جس میں انہیں یا تو مقرر کردہ یا تغیر پذیر نرخ کے معاہدے کا اختیار حاصل ہے۔

البرٹا کے ایسے شہری جو کسی مسابقتی معاہدے پر دستخط نہیں کرتے ان کا اپنے مقامی فراہم کنندہ کے ساتھ ریٹ آف لاسٹ ریزارٹ پر خود کار طور پر اندراج ہو جاتا ہے، جو ماضی میں مسابقتی اختیارات کی نسبت زیادہ مہنگا اور غیر مستحکم ہونے کا رجحان رکھتا ہے۔

صارفین کو ان کے توانائی کے اختیارات کے بارے میں بہتر آگاہی فراہم کر کے البرٹا کی حکومت، البرٹا کے صارفین کا تحفظ کرنے اور بجلی کے بلوں میں کمی لانے کے لیے اقدامات کر رہی ہے۔ 1 جنوری 2025 سے نفاذ کے لیے نئے ضوابط اور قوانین تیار ہو چکے ہیں، تاکہ البرٹا کے شہریوں کو ان کے توانائی کے اختیارات کو بہتر طور پر سمجھنے میں مدد مل سکے اور انہیں اپنی ضروریات کے مطابق سب سے موزوں نرخ تلاش کرنے کی ترغیب دی جائے۔ *یوٹیلیٹیز افورڈیبیلٹی اسٹیچوٹس ترمیمی ایکٹ 2024 کے بعد*، بجلی کے طے شدہ نرخ کا نام ریگولیٹڈ ریٹ آپشن (Regulated Rate Option, RRO) سے تبدیل کر کے ریٹ آف لاسٹ ریزارٹ (Rate of Last Resort, ROLR) رکھا جا رہا ہے۔ نام کی اس تبدیلی سے اس نرخ کی نوعیت کا بہتر طور پر اظہار ہوتا ہے جو صارفین ادا کر رہے ہیں اور یہ جاری شدہ صارف آگاہی اقدامات کا حصہ ہے۔

"جب پائی پائی اہمیت رکھتی ہو، تب یوٹیلیٹی بلز سے کوئی بھی سخت بجٹ سنوارا یا بگاڑا جا سکتا ہے۔ ہماری حکومت البرٹا کے شہریوں کو ایسے وسائل فراہم کر رہی ہے جو ان کی محنت سے کمائی گئی رقم کو بچانے اور ان کے ماہانہ اخراجات کو متوقع حد کے اندر رکھنا ممکن بنا سکیں، جبکہ یہ قیمتوں میں یک لخت اضافے سے کمزور ترین افراد کو تحفظ فراہم کر رہی ہے۔"

*نیتھن نیوڈورف (Nathan Neudorf)، وزیر برائے استطاعت اور یوٹیلیٹیز*

یہ یقینی بنانے کے لیے کہ البرٹا کے شہری اپنی بجلی کے نرخوں کے انتخاب کے بارے میں بہتر طور پر آگاہ ہوں، البرٹا کی حکومت نے نرخ کی تصدیق کا ایک تقاضا بھی متعارف کروایا ہے۔ وزارت استطاعت اور یوٹیلیٹیز کے تحت، یوٹیلیٹیز کنزیومر ایڈوکیٹ ہر 90 دن بعد ریٹ آف لاسٹ ریزارٹ پر موجود تمام صارفین سے رابطہ کرے گا، تاکہ اس بات کی تصدیق کی جا

سکے کہ کیا وہ ریٹ آف لاسٹ ریزارٹ پر رہنا چاہتے ہیں اور انہیں اپنے دیگر اختیارات پر غور کرنے کی ترغیب دی جائے گی۔ ریٹ آف لاسٹ ریزارٹ فراہم کرنے والوں کو بھی صارفین کے بلوں پر واضح طور پر یہ بات ظاہر کرنی ہو گی کہ وہ ریٹ آف لاسٹ ریزارٹ پر موجود ہیں، صارفین کو مسابقتی ریٹیل مارکیٹ میں دستیاب اختیارات سے آگاہ کرنا ہو گا اور اپنے سروس معاہدوں کی شرائط و ضوابط کو اپ ڈیٹ کرنا ہو گا۔

تاہم، البرٹا کے تمام شہریوں کے لیے ایک مسابقتی معاہدے پر دستخط کرنا ممکن نہیں ہے۔ کچھ دیہی علاقوں میں، ریٹ آف لاسٹ ریزارٹ ہی کسی صارف کا بجلی حاصل کرنے کا واحد طریقہ ہو سکتا ہے۔ رقم کی کمی یا دیگر مالی مشکلات کی وجہ سے بھی البرٹا کے شہری، خاص طور پر بزرگ افراد اور دیگر کمزور طبقات مسابقتی معاہدہ کرنے سے محروم رہ سکتے ہیں۔ فی الحال، ریٹ آف لاسٹ ریزارٹ میں مارکیٹ کی قیمتوں کی بنیاد پر ماہانہ تبدیلی ہوتی ہے اور اسے حکومت کی جانب سے نہیں بلکہ البرٹا یوٹیلیٹیز کمیشن منظور کرتا ہے۔ قیمتوں میں اچانک اور غیر مستحکم اضافے سے ان صارفین کو بچانے کے لیے، ریٹ آف لاسٹ ریزارٹ کو ہر دو سال بعد مقرر کیا جائے گا اور 1 جنوری 2025 سے شروع ہونے والے 2 سالہ دورانیے میں اسے صرف زیادہ سے زیادہ 10 فیصد تک تبدیل کیا جا سکتا ہے۔ ان نئے ضوابط کے ذریعے، البرٹا کی حکومت کی جانب سے البرٹا کے ایسے شہریوں کے لیے ریٹ آف لاسٹ ریزارٹ کو زیادہ مستحکم اور قابلِ تخمینہ بنایا جا رہا ہے جو مسابقتی معاہدہ کرنے سے قاصر ہیں۔

البرٹا کے شہریوں کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ اپنے اختیارات کی چھان بین کریں اور اپنی ضروریات کے لیے موزوں مسابقتی نرخ تلاش کریں۔ گزشتہ سال، ہزاروں گھرانوں نے ریٹ آف لاسٹ ریزارٹ سے نکل کر مسابقتی معاہدے کیے ہیں تاکہ زیادہ ارزاں متبادل حاصل کر سکیں۔ البرٹا کے وہ شہری جو اپنے یوٹیلیٹی بلز میں مدد کے متلاشی رہے ہیں یا اپنے فراہم کنندہ کے ساتھ کسی تنازعے سے دوچار ہیں، انہیں یوٹیلیٹیز کنزیومر ایڈووکیٹ سے 310-4855 پر یا ان کی ویب سائٹ کے ذریعے رابطہ کرنا چاہیئے۔

## فوری حقائق

- البرٹا کے شہریوں کے پاس بجلی اور قدرتی گیس کی یوٹیلیٹیز کی خریداری کے وقت تین اختیارات موجود ہوتے ہیں: ریٹ آف لاسٹ ریزارٹ، ایک متغیر نرخ کا ایک مسابقتی معاہدہ، یا ایک مقررہ نرخ کا ایک مسابقتی معاہدہ۔
    - البرٹا یوٹیلیٹیز کمیشن (Alberta Utilities Commission, AUC) کے ذریعے ریٹ آف لاسٹ ریزارٹ کی منظوری دی جاتی ہے اور ایسا حکومت کے ذریعہ طے نہیں کیا جاتا۔ نرخ مقرر کرنے کے عمل اور موجودہ نرخوں کے بارے میں مزید معلومات کے لیے AUC کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔
- تقریباً 26 فیصد رہائشی صارفین، ریٹ آف لاسٹ ریزارٹ کے ذریعے بجلی خریدتے ہیں۔
- اہل تجارتی صارفین میں سے تقریباً 29 فیصد اور 40 فیصد زرعی صارفین، ریٹ آف لاسٹ ریزارٹ کے ذریعے بجلی خریدتے ہیں۔

## متعلقہ معلومات

- یوٹیلیٹیز کنزیومر ایڈووکیٹ
- البرٹا یوٹیلیٹیز کمیشن

## متعلقہ خبریں

- مارکیٹ کے نئے اصولوں کی جانب سے پاور کے نرخوں کو نصف میں تقسیم کیا جاتا ہے (5 ستمبر، 2024)
- پاور واچ ڈوگ البرٹا کی بجلی کی مارکیٹ کی اصلاحات کی معاونت کرتا ہے (5 اگست، 2024)
- بجلی کی قیمت میں اضافوں کو روک رہے ہیں (26 جون، 2024)
- یوٹیلیٹی بلز کو زیادہ سستا بنا رہے ہیں (22 اپریل، 2024)
- بجلی کو زیادہ سستا بنا رہے ہیں (18 اپریل،2024)

## میڈیا کے استفسارات


### ایشلیے ایم اسٹیونسن (Ashley M Stevenson)

587-357-2141
پریس سیکرٹری، وزیر برائے استطاعت اور یوٹیلیٹیز